مکتوب مولانا شبیر احمد عثمانیؒ

جون کے شمارے میں "مولانا شبیر احمد عثمانیؒ" کے عنوان سے مولانا محمد جعفر پھلواروی کا ایک مضمون شائع ہوا تھا جس کے آخر میں مولانا عثمانی مرحوم کے ایک خط کا ذکر تھا جو انھوں نے خان عبدالقیوم خان وزیر اعلیٰ سابق صوبۂ سرحد کے نام لکھا تھا۔ یہ خط ایک صاحب کے پاس تھا جو اب دستیاب ہوا ہے اور اس کی پوری نقل شائع کی جا رہی ہے۔ (ادارہ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اللہ اکبر

واعتصموا بحبل اللہ جمیعا ولا تفرقوا

صدر دفتر: جمعیۃ علمائے اسلام

مورخہ ۳۰ مئی ۱۹۴۹

بخدمت گرامی محترم المقام عالیجناب خان عبدالقیوم خان صاحب وزیر اعظم سرحد۔

بعد سلام مسنون آنکہ۔ حامل عریضہ مولانا شاہ محمد جعفر صاحب ندوی جو مولانا شاہ محمد سلیمان پھلواروی مرحوم کے صاحبزادے ہیں اور بہت سنجیدہ، سلیم الطبع اور مستعد عالم ہیں آپ سے مل کر تنظیم مساجد وغیرہ کے سلسلے میں بات کرنا چاہتے ہیں۔ آپ نے ائمہ مساجد کی تنظیم کا جو اعلان کیا ہے اس کے متعلق مولانا اپنے مفید مشورے پیش کریں گے اور میرے خیال میں آپ کے مشن کو کامیاب بنانے میں ان سے اچھی مدد ملے گی۔ امید ہے آپ انھیں موقع دیں گے کہ یہ کوئی خاکہ پیش کر سکیں اور اپنی خدمات سے لوگوں کو مستفید فرمائیں۔ مولانا کے تجربے سے فائدہ اٹھانا انشاءاللہ مناسب ہوگا۔

والسلام

شبیر احمد عثمانی